Australian Centre for
**Disability Law**

**Urdu | اردو**

حصہ 3

**ایڈجسٹمنٹس یا تبدیلیاں**

# سکول میں اپنی ضرورت کی مدد حاصل کرنا









**آسان تحریر**

**www.disabilitylaw.org.au**

# مضامین


| | |
|---|---|
| اس ٹول کٹ کا تعارف | 2 |
| ایڈجسٹمنٹس یا تبدیلیاں | 3 |
| مل کر کام کریں | 6 |
| ایڈجسٹمنٹس کے لیے کہنا | 7 |
| جب لوگ آپ کی معذوری دیکھ نہ سکتے ہوں | 9 |
| فزیکل مدد کی ضرورتیں | 12 |
| سکولوں کے ساتھ پلاننگ | 13 |
| طالبعلم کے الگ تعلیمی پلانز | 14 |
| دوسرے پلانز | 15 |
| مفید ٹولز | 17 |




یہ معلومات انفارمیشن، لنکیجز اینڈ کیپیسٹی بلڈنگ (ILC) پروگرام کے تحت آسٹریلین گورنمنٹ ڈیپارٹمنٹ آف سوشل سروسز کی فنڈنگ سے پیش کی جا رہی ہیں۔

کاؤنسل فار انٹیلیکچوئل ڈس ایبیلٹی یا **CID** نے اس ڈاکومنٹ کو آسان تحریر میں لکھا ہے۔ اگر آپ اس ڈاکومنٹ میں سے کوئی تصویریں استعمال کرنا چاہتے ہیں تو CID سے پوچھیں۔ آپ **business@cid.org.au** پر CID سے رابطہ کر سکتے ہیں۔

# حصہ 3

# ایڈجسٹمنٹس یا تبدیلیاں





# اس ٹول کٹ کا تعارف




یہ ٹول کٹ Australian Centre for Disability Law کی طرف سے ہے۔

ایک **ٹول کٹ** آپ کو ان چیزوں کے بارے میں بتاتی ہے جن کا آپ کو علم ہونا چاہیے یا جو آپ کو کرنی چاہیئں۔




یہ ٹول کٹ ان طالبعلموں کے لیے ہے جو نیو ساؤتھ ویلز کے عام سکولوں میں پڑھتے ہیں۔



یہ ان لوگوں کے لیے بھی ہے

- جو TAFE، یونیورسٹی یا کسی اور تعلیمی ادارے میں پڑھتے ہیں
- خاندان اور سنبھالنے والے



یہ ٹول کٹ آپ کو یہ سکھائے گی کہ آپ کو سیکھنے کے لیے جس مدد کی ضرورت ہے، آپ اس کے لیے اپنے سکول سے کیسے بات کر سکتے ہیں۔

اس ٹول کٹ کے 6 حصے ہیں۔



# ایڈجسٹمنٹس یا تبدیلیاں




**ایڈجسٹمنٹس** وہ تبدیلیاں ہیں جن سے آپ سکول میں بہتر طریقے سے سیکھ سکتے ہیں۔



ان میں سے کچھ تبدیلیاں دوسرے طالبعلموں کے لیے بھی اچھی ہو سکتی ہیں۔


**ایڈجسٹمنٹس یہ ہو سکتی ہیں**





- آپ کو معلومات ملنے کے مختلف طریقے جیسے کہ آسان تحریر (Easy Read) میں



- سیکھنے میں مدد دینے والی ٹیکنالوجی جیسے سکرین ریڈرز یا آپ کی بولی ہوئی بات لکھنے والے ٹولز




- سکول میں ریمپ یا لفٹ



- مختلف سیٹیں اور ڈیسک

یہ کچھ ایڈجسٹمنٹس ہیں۔

سکول کئی مختلف طریقوں سے آپ کی مدد کر سکتے ہیں۔




کچھ تبدیلیاں آپ کے ٹیچرز کر سکتے ہیں۔



آپ کے ٹیچرز ایسے کام کر سکتے ہیں جیسے


کلاس کا کام یا پراجیکٹس کرنے کے لیے آپ کو زیادہ وقت دیں



آپ کو ایسے کام یا ٹیسٹ دیں جو آپ کے لیے موزوں ہوں




آپ کو طالبعلموں کے چھوٹے گروپ کے سامنے پراجیکٹ کے متعلق بتانے کی اجازت دیں، بجائے بڑے گروپ کے۔



یہ ان طالبعلموں کے لیے اچھا ہے جنہیں گھبراہٹ ہو۔

**گھبراہٹ** کا مطلب ہے کہ آپ بہت زیادہ لوگوں کے سامنے بات کرنے پر پریشان ہو جاتے ہوں۔

سکول اور بھی کچھ کام کر سکتے ہیں جیسے



- سکول کے ایونٹس اور ٹرپس میں سب کے شامل ہو سکنے کا خیال رکھنا
- ٹیچرز اور دوسرے سٹاف کو زیادہ ٹریننگ دینا تاکہ وہ معذوروں کو شامل کرنے میں زیادہ اچھے ہو جائیں
- سکول میں آپ مدد حاصل کر سکتے ہیں جیسے کاؤنسلر یا سپیچ تھراپسٹ سے ملنا




ایڈجسٹمنٹس کا **معقول** ہونا ضروری ہے۔



**معقول** کا مطلب ہے کہ سکول کے لیے یہ ایڈجسٹمنٹس کرنا ممکن ہو۔


سکول کے پاس ان کے خرچ کے لیے پیسے بھی ہونے چاہیئں۔




یہ وڈیو ایک ہائی سکول میں ایڈجسٹمنٹس کے بارے میں ہے

**www.nccd.edu.au/illustrations-practice/kings-meadows-high-school-types-adjustment**

# مل کر کام کرنا



حصہ 2 میں سٹینڈرڈز کا ذکر ہے۔




سٹینڈرڈز کہتے ہیں کہ سکول کو آپ اور آپ کے گھر والوں کے ساتھ بات کرنی چاہیے کہ آپ کو کن ایڈجسٹمنٹس کی ضرورت ہے۔



سکول کو اس بارے میں آپ اور آپ کے گھر والوں کی بات سننی چاہیے کہ اچھی طرح سیکھنے کے لیے آپ کو کن چیزوں کی ضرورت ہے۔

آپ سب کو مل کر کام کرنا چاہیے۔



شاید سکول کو آپ کی معذوری کے متعلق زیادہ جاننے کی ضرورت ہو۔



شاید سکول وہ سب ایڈجسٹمنٹس نہ کر سکے جن کے لیے آپ نے کہا تھا۔

# ایڈجسٹمنٹس کے لیے کہنا




یہاں کچھ آئیڈیاز ہیں کہ آپ اپنی ضرورت کی ایڈجسٹمنٹس کیسے مانگ سکتے ہیں۔



آپ کسی آکوپیشنل تھراپسٹ سے کہ سکتے ہیں کہ وہ آ کر آپ کا سکول دیکھیں۔

**آکوپیشنل تھراپسٹ** آپ کو ایسے طریقے سے کام کرنے کے لیے مدد دیتا ہے جو آپ کے لیے ٹھیک ہو۔



آکوپیشنل تھراپسٹ آپ کو اور سکول کو بتا سکتا ہے کہ آپ کو کن ایڈجسٹمنٹس کی ضرورت ہے۔



وہ چیزیں لکھ لینا اچھا ہو گا جو آپ سکول سے بدلوانا چاہتے ہیں۔




اس طرح آپ اور آپ کے گھر والوں کو سکول کے ساتھ میٹنگ میں تبدیلیوں کے متعلق بتانے میں آسانی رہے گی۔




آپ اپنی ضرورت کی ایڈجسٹمنٹس کروانے کے لیے NDIS سے پیسے مانگ سکتے ہیں۔



چیزیں مانگنا یا کاموں کے لیے کہنا مشکل ہو سکتا ہے۔



آپ اور آپ کے گھر والے حصہ 4 میں دیکھ سکتے ہیں کہ ایڈجسٹمنٹس کے لیے کیسے کہا جائے۔

# جب لوگ آپ کی معذوری دیکھ نہ سکتے ہوں



کچھ معذوریوں کو دیکھنا مشکل ہو سکتا ہے جیسے

- ذہنی صحت کے مسائل
- سیکھنے میں معذوریاں
- آٹزم



اس وجہ سے سکول میں اپنی ضرورت کی مدد حاصل کرنا مشکل ہو سکتا ہے۔




آپ اور آپ کے گھر والوں کو وہ مدد مانگنی چاہیے جس کی آپ کو ضرورت ہے۔


شاید آپ کو سکول کو اپنی ضرورت بتانی پڑے




- زیادہ بریکس



- خاموش جگہ




- تصویروں والا ٹائم ٹیبل



- بریک کے وقت میں مدد

یہ کچھ ایڈجسٹمنٹس ہیں۔

سکول کئی مختلف طریقوں سے آپ کی مدد کر سکتے ہیں۔



آپ اپنے ڈاکٹر یا کسی اور ہیلتھ کیئر ورکر سے وہ چیزیں لکھنے کے لیے کہہ سکتے ہیں جن کی آپ کو سیکھنے کے لیے ضرورت ہے۔

آپ یہ معلومات اپنے سکول کو دے سکتے ہیں۔




شاید آپ کا سکول کچھ ایسے کام کرتا ہو جن سے آپ کی مدد نہیں ہوتی جیسے

- سکول آپ کو جلدی گھر بھیج دے
- آپ کو صرف کچھ کلاسوں میں جانے دے



شاید آپ کو اپنی معذوری کی وجہ سے سکول میں پریشانی اٹھانی پڑتی ہو۔

یہ اس وجہ سے ہو سکتا ہے کہ سکول آپ کی معذوری کو نہ سمجھتا ہو۔




اگر آپ کے ساتھ ایسا ہو تو آپ کے گھر والے یا کیئرر کو سکول سے بات کرنی چاہیے۔



سکول کو آپ کی معذوری اور آپ کی ضرورتوں کے متعلق زیادہ جاننے کی ضرورت ہے۔

سکول کو یہ سمجھنے کی ضرورت ہے کہ وہ کیسے آپ کی مدد کر سکتا ہے۔



اگر آپ کو آپ کی ضرورت کی ایڈجسٹمنٹس نہ مل رہی ہوں تو آپ اور آپ کے گھر والے سکول سے شکایت کر سکتے ہیں۔

حصہ 5 شکایت کے متعلق ہے۔

# فزیکل مدد کی ضرورتیں



اگر آپ کو جسمانی معذوری ہے تو آپ کو سکول میں ایڈجسٹمنٹس کی ضرورت ہے۔



شاید سکول کو ایسی تبدیلیاں کرنی پڑیں جیسے ریمپ بنوانا، لفٹ لگوانا یا ٹائلٹ کو آپ کے استعمال کے قابل بنانا۔




حصہ 1 گولز کے متعلق ہے۔

آپ اپنے گولز کو استعمال کر کے سکول کو بتا سکتے ہیں کہ آپ کو کن چیزوں کی ضرورت ہے۔




آپ کا حق ہے کہ آپ کو سکول کے سب حصوں میں شامل کیا جائے۔

# سکول کے ساتھ پلاننگ




آپ اور آپ کے گھر والوں کو سکول کے ساتھ مل کر آپ کا پلان بنانے کے لیے کام کرنا چاہیے۔



پلان سے سکول کو پتہ چلے گا کہ

- آپ کو سیکھنے کے لیے کن چیزوں کی ضرورت ہے
- سکول کو کونسی تبدیلیاں کرنے کی ضرورت ہے



یہ پلان جلدی بنائیں۔

سکولوں کو تبدیلیاں کرنے کے لیے وقت اور پیسوں کی ضرورت ہوتی ہے۔

# طالبعلم کے الگ تعلیمی پلانز




**طالبعلم کا الگ تعلیمی پلان** یا **پرسنل لرننگ پلان** ایک ایسا پلان ہے جس سے پتہ چلتا ہے کہ

- آپ کی ضرورتیں کیا ہیں
- سکول کو کونسی ایڈجسٹمنٹس کرنی چاہیئں
- آپ کیسے بہت اچھا سیکھتے ہیں



یہ اہم ہے کہ آپ کا ایک پلان ہو۔



اچھا ہو گا کہ آپ اپنے گھر والوں یا کیئرر کے ساتھ مل کر پلان لکھیں اور پھر اپنے ٹیچر یا سکول کو اس میں شامل کریں۔

# دوسرے پلانز



آپ کو اپنے روّیے یا اپنے جذبات میں مدد کے لیے پلان کی ضرورت ہو سکتی ہے۔




اس پلان سے سکول کو آپ کو اور دوسرے طالبعلموں کو محفوظ رکھنے میں مدد ملتی ہے۔




اچھا پلان بنانے کے لیے سکول کو آپ اور آپ کی معذوری کے متعلق جاننے کی ضرورت ہوتی ہے۔



اس پلان کو آپ کے لیے اور آپ کی ضرورت کی تعلیم کے لیے موزوں ہونا چاہیے۔




آپ اور آپ کے گھر والوں کو پلان ضرور چیک کرنا چاہیے۔

چیک کریں کہ یہ پلان آپ اور آپ کی معذوری کے لیے ٹھیک ہے۔




آپ کو ہر ٹرم میں پلان چیک کرنا چاہیے۔



اگر مدد کے لیے آپ کی ضرورتیں بدل جائیں تو شاید اس پلان کو بدلنے کی ضرورت ہو۔

# مفید ٹولز



یہاں آپ کو ایڈجسٹمنٹس کے متعلق بتانے والی
کچھ ویب سائیٹس ہیں۔




یہ ویب سائیٹس آسان تحریر میں نہیں ہیں۔

آپ کسی سپّورٹ پرسن سے مدد مانگ سکتے ہیں۔



اس کتاب کے صفحہ 5 اور صفحہ 7 پر پرائمری
سکولوں کے طالبعلموں کی کیس سٹڈیز دی گئی ہیں

**www.dese.gov.au/download/3183/
exemplars-practice/18357/document/pdf**




اس وڈیو میں فزیکل ایڈجسٹمنٹس کے متعلق کچھ
معلومات ہیں

**www.nccd.edu.au/illustrations-practice/
sir-joseph-banks-high-school-adjustments**


اس وڈیو میں فزیکل ایڈجسٹمنٹس کے متعلق معلومات ہیں

**www.youtube.com/watch?v=Ikbsmv22wCg&feature=youtu.be**




اس ویب سائیٹ پر ایڈجسٹمنٹس کی مثالیں دی گئی ہیں

**www.nccd.edu.au/wider-support-materials/whats-reasonable?parent=%2Fdisability-standards-education&activity=%2Fwider-support-materials%2Freasonable-adjustments&step=0**



اس ریسورس میں مختلف ایڈجسٹمنٹس کے متعلق معلومات ہیں

**www.adcet.edu.au/students-with-disability/reasonable-adjustments-disability-specific/**




اس وڈیو میں طالبعلموں کے لیے ایڈجسٹمنٹس کے متعلق معلومات ہیں

**www.nccd.edu.au/illustrations-practice/ashdale-primary-schools-levels-adjustment**

